SCHOOL BASED ASSESSMENT 2022
GRADE 7 (Section-A)
SOCIAL STUDIES PART – B (Subjective Type)

School : GPS MEHAR BUZDAR (EMIS: 32130871)

Tehsil : KOT CHUTTA **District:** D.G. KHAN

General Instructions for Teachers : اساتذہ کے لیے عمومی ہدایات:

1. It is mandatory to use Rubrics for marking of papers for uniform marking throughout the Punjab.

۱۔ پیپر کی مارکنگ کے لیے روبرکس کا استعمال ضروری ہے تا کہ پورے پنجاب میں یکساں معیار کے ساتھ مارکنگ ہو سکے ۔

2. In case of any ambiguity, please consult rubrics manual, rubrics video or PEC trained LMT of your district.

۲۔ کسی ابہام کی صورت میں، آپ روبرکس مینوئل،روبرکس ویڈیو یا PEC کے ٹرینڈ کردہ اپنے ضلع کے LMT سے رابطہ کر سکتے ہیں ۔

3. If a student writes anything other than that given in textbook or model answer of rubrics and if that is correct, please award him/her marks.

۳ ۔ اگر طالبعلم درسی کتاب یا روبرکس میں موجود ماڈل جواب کے علاوہ کچھ لکھتا ہے اور وہ درست ہے تو اسے اس کے نمبر دیے جائیں ۔

4. No marks will be given for irrelevant answer.

۴ ۔ غیر متعلقہ جواب کے کوئی نمبر نہیں دیے جائیں گے ۔

ANSWERS / RUBRICS

Question No: 1

سوال نمبر 1

a) (https://www.zone2.pecassessment.com/admin/pilot_items/pilot_view_combine/28694) Write a note on reforms of Aurangzaib Alamgir: (Marks 05)

اورنگزیب عالمگیر کی اصلاحات پر نوٹ لکھیں: (نمبر 05)

آیٹم روبرک (اردو) :

درست اور مکمل جواب دینے پر پورے5 نمبر دیں ، جزوی درست جواب دینے پر 1 تا 4 دیں جبکہ غیر متعلقہ اور نہ لکھنے پر صفر نمبر دیئے جائیں۔

شاہی دربار میں موسیقی کی ممانعت.بھنگ ، شراب اور نشہ آور چیزوں پر پابندی.عورتوں کے مزار پر جانے پر پابندی عائدکی.بدعنوان لوگوں کو ملازمتوں سے فارغ کیا

محتسبِ اعلیٰ کا قیام

اورنگزیب نے اپنے انتظامی سلطنت کی طرف بھرپور توجہ دیں وہ بادشاہت کو اللہ تعالی کی امانت سمجھتا تھا اور اس کا عقیدہ تھا کہ اگر بادشاہ اپنی ذمہ داری کو پورا نہیں کرتا تو قیامت کے روز اللہ اس سے باز پرس کرے گا ۔

وہ عدل و انصاف کا بہت خیال رکھتا تھا ۔ اس کے دربار میں مظلوموں اور فریادیوں کو بلا روک ٹوک آنے کی اجازت تھی ۔ اس نے اپنی ذات کے لئے سرکاری خزانے پر کبھی بوجھ نہ ڈالا وہ قرآن پاک کی کتابت کرکے اور ٹوپیاں سی کر اپنی روزی کماتا تھا ۔ اورنگزیب حضرت مجدد الف ثانی کا بڑا معتقد تھا اور انہیں کی تعلیمات کے زیر اثر اس نے ملک میں اصلاحات نافذ کیں

Write a brief note on Adl-e-Jahangiri: (Marks 05)

5.عدل جہانگیری پر مختصر نوٹ لکھیں: (نمبر 05)

آیٹم روبرک (اردو) :

درست لکھنے پر پورے نمبر دیں۔ جزوی لکھنے پر 1 تا4 نمبر دیں اور غلط لکھنے پر کوئی نمبر نہ دیں

نور الدین محمد جہانگیر نے انصاف کی فراہمی کے لیئے شاہی محل کے باہر ایک زنجیر نصب کروا دی۔ جسے ہلا کر کوئی بھی شخص بادشاہ سے انصاف طلب کر سکتا تھا۔ جسے عدل جہانگیری کہتے ہیں۔

Question No: 2

سوال نمبر 2

a) (https://www.zone2.pecassessment.com/admin/pilot_items/pilot_view_combine/8414) Write any of two major industries of Pakistan. (Marks 02)

پاکستان کی بڑی صنعتوں میں سے دو کے نام لکھیں: (نمبر 02)

آیٹم روبرک (اردو) :

درست جواب دینے پر امیدوار کو2 نمبر ، نامکمل جواب دینے پر 1 نمبر جبکہ غیر متعلقہ جواب دینے پر کوئی نمبر نہیں دیا جائے گا۔
جواب:کپڑے کی صنعت، چینی کی صنعت، سیمنٹ کی صنعت، آٹو موبائل کی صنعت۔

What is meant by miscellaneous imports? (Marks 03)

سوال: متفرق درآمدات سے کیا مراد ہے؟ (نمبر 03)

جواب :ملکی ضروریات کو پورا کرنے کے لئے مختلف قسم کی اشیاء باہر کے ممالک سے درآمد کرنا پڑتی ہیں۔ ان میں ادویات، ریشم دھاگا، رنگ و روغن، بجلی کا سامان، کاغذ اور سٹیشنری وغیرہ شامل ہیں۔ ان اشیاء کی درآمد پر زرمبادلہ کی ایک بھاری مقدار خرچ ہوجاتی ہے

درست اور مکمل جواب دینے پر پور3 نمبر دیں ، جزوی درست جواب دینے پر2تا 1 نمبر دیں جبکہ غیر متعلقہ اور نہ لکھنے پر صفر نمبر دیئے جائیں۔۔

Rubrics: Award Three marks for correct answer, half marks for partially correct answer, no marks for wrong or irrelevant answer.

Mention major problems of industry in Pakistan: (Marks 05)

پاکستان میں صنعت کو درپیش مسائل کا تذکرہ کریں: (نمبر 05)

آیٹم روبرک (اردو) :

درست اور مکمل جواب دینے پر پور5 نمبر دیں ، جزوی درست جواب دینے پر4 تا 1 نمبر دیں جبکہ غیر متعلقہ اور نہ لکھنے پر صفر نمبر دیئے جائیں۔
پاکستان میں صنعت کا شعبہ کافی مسائل کا شکار ہے۔ ملک میں کاریگروں کی جدید تحقیق سے لاعلمی کی وجہ سے وہ اپنی پوری استعداد کو استعمال میں لانے سے قاصر ہوتے ہیں۔پاکستان میں کم آمدنی کی وجہ سے بچت نہیں ہوتی جس کے نتیجے میں سرمایہ کاری میں کمی ہوتی ہے جو کہ صنعت کے پروان چڑھنے کے لیے ناگزیر ہے۔ ملک میں ہنر مند افراد کی کمی کی وجہ سے سرمایہ کاری کو ترغیب نہیں ملتی۔ منافع کی شرح کم ہونے کی وجہ سے پاکستانی صنعت میں بننے والی اشیاء کی عالمی منڈی میں رسائی نہیں ہے۔ ملک میں مشینری نہ بننے کی وجہ سے صنعت میں استعمال ہونے والی مشینری مہنگے داموں درآمد کرنا پڑتی ہے۔ مہنگی مشینری کی وجہ سے کارخانوں میں پرانی مشینری استعمال ہو رہی ہے جس سے پیداواری صلاحیت میں کمی آتی ہے۔ توانائی اور طاقتی وسائل کی کمی کی وجہ سے پاکستانی صنعت بحران کا شکار ہے۔

Question No: 3

سوال نمبر 3

a) (https://www.zone2.pecassessment.com/admin/pilot_items/pilot_view_combine/30662) What is meant by inversion of temperature? Explain: (Marks 05)

تقلیب حرارت سے کیا مراد ہے؟ واضح کریں: (نمبر 05)

آیٹم روبرک (اردو) :
مکمل جواب دینے پر پورے 5نمبردیں ، جزوی درست جواب دینے پر1 تا 4 نمبردیں جبکہ غیر متعلقہ اور نہ لکھنے پر صفر نمبر دیئے جائیں۔
جواب۔درجہ حرارت کی عمودی تقسیم سے یہ واضح ہے کہ بلندی کے ساتھ درجہ حرارت کم ہوتا جا تا ہے لیکن بعض اوقات کچھ مقامات پر اس کے برعکس ہوتا ہے، یعنی بلندی کے ساتھ درجہ حرارت بڑھ جا تا ہے۔ سطح زمین پر ہوا کا درجہ حرارت اگر 5 درجے سینٹی گریڈ ہے تو اس کے اوپر ہوا کا درجہ حرارت 7 درجے سینٹی گریڈ ہے۔ تلی تجارت والی ہوائی درجہ حرارت کی اس الٹی کیفیت کو تقلیب حرارت کہتے ہیں ۔

Describe the levels of the thermometer. (Marks 03)

تھرما میٹر کے درجے کے بیان کریں: (نمبر 03)

آیٹم روبرک (اردو) :
مکمل جواب دینے پر پورے3نمبر دیں ، جزوی درست جواب دینے پر 1 تا 2دیں جبکہ غیر متعلقہ اور نہ لکھنے پر صفر نمبر دیئے جائیں۔
جواب۔ تھرما میٹر کے تین اہم درجے ہوتے ہیں ۔ نقطہ جوش (Freezing point)جواب۔وہ درجہ حرارت ہوتا ہے جہاں پانی ابلنا شروع ہو جاتا ہے۔ نقطہ انجماد (Boiling poin Absolute zero)وہ درجہ حرارت ور حرارت ہوتا ہے جہاں پانی برف میں تبدیل ہونا شروع ہوتا ہے ۔ نقطہ مطلق صفر) کسی بھی مادے کا کم سے کم کہ درجہ حرارت ہوتا ہے۔ اس درجہ حرارت سے کم درجہ حرارت ممکن نہیں ہے ۔

What are the instruments used to measure the temperature? (Marks 02)

درجہ حرارت ناپنے کے لیے استعمال ہونے والے آلے کون سے ہیں؟ (نمبر 02)

آیٹم روبرک (اردو) :
درست اور مکمل جواب دینے پرپورے2نمبردیں، جزوی درست جواب دینے پر 1 نمبر دیں جبکہ غیر متعلقہ اور نہ لکھنے پر صفر نمبر دیئے جائیں۔

درجہ حرارت کو ناپنے کے لیے آلہ تھرمامیٹر کا استعمال کیا جاتا ہے

Question No: 4

سوال نمبر 4

a) (https://www.zone2.pecassessment.com/admin/pilot_items/pilot_view_combine/18256) Write the personality traits of Abu Al-Muzaffar Mohi-ud-Din Aurangzeb Alamgir: (Marks 06)

ابو المظفر محی الدین اورنگزیب عالمگیر کی شخصیت کی خصوصیات لکھیں: (نمبر 06)

آیٹم روبرک (اردو) :

درست اور مکمل جواب دینے پرپورے5نمبردیں، جزوی درست جواب دینے پر 1 تا 4نمبر دیں جبکہ غیر متعلقہ اور نہ لکھنے پر صفر نمبر دیا جائے

اورنگزیب 1618میں پیدا ہوا- وہ شاہ جہاں کا تیسرا بیٹا تھا- اسے عربی، فارسی، ترکی اور ہندی زبان پر عبور تھا- فن حرب میں بھی مہارت حاصل تھی- وہ بچپن سے ہی بڑا ذہین ، دین دار اور پرہیزگار تھا- حافظ قرآن تھا- محنتی اور فرض شناس حکمران تھا- اسلامی علوم پر اس کی بڑی گہری نظر تھی۔ خزانے کو وہ قوم کی امانت سمجھتا تھا۔ امور سلطنت کی انجام دہی میں اورنگزیب بڑا محنتی اور فرض شناس تھا۔ اورنگزیب ، حضرت مجددالف ثانی کی ۔ تعلیمات سے متاثر تھا، اسی وجہ سے اس نے اسلامی معاشرے کے قیام کے بارے میں اہم اقدامات کیے۔

Describe Aurangzeb's religious policy. (Marks 06)

اورنگزیب کی مذہبی پالیسی بیان کریں: (نمبر 06)

جواب:

اورنگزیب نے شاہی دربار میں موسیقی کی ممانعت کردی۔

غیر مسلموں پر ایک ٹیکس جزیہ نافذ کردیا گیا۔ جزیے کا نفاذ اس سے پہلے قریبا ایک صدی تک کالعدم رہا تھا ۔

تمام بد عنوان لوگوں کو ملازمت سے برخاست کر دیا گیا۔

بھنگ یا شراب وغیرہ کی ممانعت کردی گئی ۔

اکبر کے دور سے ہر بادشاہ ہر روز جھروکا درشن دیا کرتا تھا۔ اس رسم کو ختم کر دیا گیا

ادرست اور مکمل جواب دینے پرپورے5نمبردیں، جزوی درست جواب دینے پر 1 تا 4نمبر دیں جبکہ غیر متعلقہ اور نہ لکھنے پر صفر نمبر دیئے جائیں۔۔

Rubrics: award five marks for correct answer, half marks for partially correct answer, no marks for wrong or irrelevant answer.

Question No: 5

سوال نمبر 5

a) (https://www.zone2.pecassessment.com/admin/pilot_items/pilot_view_combine/15499) What was meant by Parganas during Mughal rule? (Marks 04)

مغلیہ دور حکومت میں پرگنوں سے کیا مراد تھا ؟ (نمبر 04)

آیٹم روبرک (اردو) :

درست اور مکمل جواب دینے پرپورے بنمبر دیں، جزوی جواب پر 3 نمبر دیں جبکہ غیر متعلقہ اور نہ لکھنے پر صفر نمبر دیئے جائیں۔
مغلیہ دور میں بہت سے عہدے تھے ان میں سے مشہور پرگنوں کا عہدہ تھا۔
حکومت متعدد پرگنوں پر مشتمل تھی جس میں دیہات ہوتے تھے۔ ان عہدوں کا مقصد لوگوں کو انصاف فراہم کرنا اور ان کے مسائل کا مکمل حل نکالنا تھا۔

How many years did Sikhs ruled over Punjab? Also, tell the year of death of Maharaja Ranjit Singh: (Marks 04)

سِکھوں نے پنجاب پر کتنے سال حکومت کی نیز یہ بتائیں مہاراجہ رنجیت سنگھ کا انتقال کس سال ہوا؟ (نمبر 04)

آیٹم روبرک (اردو) :

درست اور مکمل جواب دینے پرپورے نمبردیں، جزوی جواب دینے پر 3نمبر دیں جبکہ غیر متعلقہ اور نہ لکھنے پر صفر نمبر دیئے جائیں۔
مغلیہ دور حکومت کے خاتمے کے بعد پنجاب میں قائم ہونے والی سب سے مضبوط حکومت سکھوں کی تھی۔سکھوں نے پنجاب پر انچاس سال حکومت کی۔ مہاراجہ رنجیت سنگھ سکھوں کے سب سے بڑے اور ترین لیڈر تھے۔ رنجیت سنگھ نے بہت سی جنگوں میں مسلمانوں کے خلاف لڑی۔ رنجیت سنگھ کا انتقال 1839ء میں ہوا۔

Who is the author of Tazak-e-Babr? (Marks 02)

تزکِ بابری کا مصنف کون ہے؟ (نمبر 02)

آیٹم روبرک (اردو) :

درست جواب دینے پر امیدوار کو 2 نمبر ، نامکمل جواب دینے پر 1 نمبر جبکہ غیر متعلقہ جواب دینے پر کوئی نمبر نہیں دیا جائے گا۔
مغل بادشاہ ظہیر الدین بابر

Copyright © 2021 pec.edu.pk All rights reserved.